عملیاتِ
محبت
سید شاہ محمد قادری

ناشر : تخلیقات

اہتمام : لیاقت علی

کمپوزنگ : المدد کمپوزرز' راجگڑھ روڈ' لاہور

ڈیزائن : ریاظ

پرنٹرز : اے-این-اے پرنٹرز

سن اشاعت : 1998ء

قیمت : 30 روپے

عنوانات

انتساب!

اللہ تعالیٰ جل شانہ' و حق سبحانہ'
کی مخلوق انسان کے نام
جو محبت میں بے قراری کے وصف سے
سرفراز ہوئی!

سید شاہ محمد قادری

باب اول

حرف آغاز

اللہ تعالیٰ جل شانہ خالق کون مکاں نے اس کائنات کو محبت سے تخلیق کیا۔ اس کا ہر ایک عمل محبت اور شفقت کا آئینہ دار ہے' ذرا اپنے اطراف میں غور کیجئے۔ پھول' پودے' درخت' ندی' نالے' پہاڑ' سبزہ و گل' چرند پرند' انسان' یہ سب دیکھنے میں کتنے پیارے اور دل کو بھلے معلوم ہوتے ہیں۔ اتنی اچھی اچھی پیاری پیاری کائنات' اور آرائش کائنات کو پیدا کرنے والا خود کس قدر حسین' دلکش اور محبت سے معمور ہو گا۔ اس کا اندازہ لگانے کے لیے خیالات کی بلندی پست' سوچ کے وسیع دائرے محدود' تحقیق کی وادیاں تنگ' لفظوں کے مفہوم' بے معنی ہو جاتے ہیں۔

محبت اس کائنات کا سب سے حسین' پر تاثیر جذبہ ہے۔ جو دل میں جنم لیتا ہے تو انسان کو زندگی کا شعور حاصل ہوتا ہے۔ اشیاء کی ترتیب اور تزئین کی نزاکت کا احساس جاگتا ہے' نازک احساسات دل میں بے دار ہوتے ہیں تو کسی کے لیے کچھ کرنے' اس پر مر مٹنے کا احساس جنم لیتا ہے۔ جی چاہتا ہے کہ اپنے محبوب کے قدموں میں سارے جہان کی دل کشی' رنگینی' مسرت اور نزاکت بچھا دی جائے۔ یہی وہ جذبہ ہے جو کہ عروج پر پہنچے تو فرہاد کو نہر شیر کھودنے پر آمادہ کر دیتا ہے۔ مجنوں کو لیلےٰ میں خدا کا جلوہ دکھا دیتا ہے۔ سسی کو کچے گھڑے پر زور

دریا پار کرانے کی جرات دے دیتا ہے۔ الغرض یہ کہ یہ محبت ہی ہے کہ جو کہ کائنات میں حسن و توازن' افراد میں تعلق' جذبات میں رواداری کا سلیقہ پیدا کرتی ہے۔

میرے اکثر احباب نے جن میں میرے مستقل کالم پڑھنے والے حضرات و خواتین شامل ہیں۔ ان میں سے اکثر کا شدت سے اصرار تھا کہ عملیات محبت یعنی حب و تسخیر پر میں اپنے ذاتی مجرب عملیات اور بزرگان دین کے آزمودہ ایسے عملیات درج کروں جن کے ذریعے وہ اپنی محبت کو حاصل کر سکیں۔ اور بازاری عاملوں کے نازیبا ہتھکنڈوں سے بچ کر قرآن و شریعت کی رو سے اپنی جائز خواہشات کو پورا کر سکیں۔

ان سب کے علاوہ برادرم لیاقت علی صاحب کا بھی خلوص بھرا اصرار یہی تھا کہ قارئین کی فرمائش کو مزید ٹالنا احسن نہیں' اس لیے اب اپنے دوستوں اور کرم فرماؤں کے خلوص بھرے پیغامات اور فرمائشوں کا انہیں جواب دینا ضروری ہے۔

چنانچہ میرے لیے اب یہ ممکن نہیں تھا کہ اپنے چاہنے والوں دوستوں' عزیزوں اور مریدوں کی خواہش کو مزید نظر انداز کیا جائے' اس لیے زیر نظر کتاب آپ کے لیے حاضر ہے۔

اس کتاب کے سلسلے میں زیادہ کہنا آپ اپنی تعریف کرنا ہے' جو کہ مناسب معلوم نہیں ہوتی' لیکن اتنا ضرور کہوں گا کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کے کرم سے سرکار مدینہ راحت قلب و سینہ حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے صدقے میں' پیر و مرشد سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ اور میرے نانا جان حضرت تاج الدین اولیاء ناگوری رحمتہ اللہ علیہ نے جو کچھ عطا کیا ہے۔ اس کو بغیر کسی بخل کے' بغیر کسی لالچ کے آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں۔ اس میدان عمل میں' میں نے جس طرح وقت گزارا ہے۔ جو ریاضتیں اور مشقتیں کی ہیں ان کے متعلق بس یہی عرض کر سکتا ہوں کہ جب تک اوپر والے کی رحمت' اور پیارے کملی والے آقا حضور اکرم نور مجسم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نگاہ کرم' اور بزرگان دین کی نظر عنایت نہ ہوتی تو یہ حقیر پر تقصیر کبھی بھی آج اپنے گناہوں کے باوجود اس جگہ نہ ہوتا۔ جہاں آپ پیارے چاہنے والوں کی محبتیں میرے ہمراہ ہیں۔

میں یہاں یہ بھی واضح کر دوں کہ محبت اس کا نام نہیں ہے کہ کسی لڑکی یا لڑکے کو دیکھا' وہ اچھا لگا اور اس کو اپنے قابو میں کرنے کے لیے پیروں فقیروں کے چکر لگانے شروع کر دیے۔ عملیات کا سہارا لینے پر ہر قسم کھالی اور ہر ممکن تہیہ کر لیا کہ بس اب اس کو حاصل کر کے رہنا ہے' اس کا غرور توڑنا ہے' خبردار خبردار ایسا مت سوچئے' ایسا مت کیجئے اس لیے کہ محبت ایثار پسندی' تحمل مزاجی اور قربانی کا درس دیتی ہے۔ جو دوسروں کے لیے اپنے جذبات کی قربانی نہیں دے سکتے' انہیں میری نظر میں محبت کرنے کا قطعی کوئی حق حاصل نہیں ہے۔

یاد رکھئے!

محبت' عزت' احترام' خلوص' ایثار اور اپنے جذبات کو اعلیٰ اخلاقی اقدار کے دائرے میں رکھنے کا نام ہے۔ بصورت دیگر انسان صرف سفلی جذبات کی تسکین کے سوا کچھ اور نہیں حاصل کر سکتا' اس سے جسمانی لذت تو ملتی ہے۔ روحانی مسرت جو محبت کی حقیقی روح ہے۔ اس سے ہمیشہ محروم ہی رہتا ہے۔

اس کتاب کے متعلق چند اہم گزارشات

اکثر عملیات محبت کی کتابیں جو بازار میں دستیاب ہیں ان میں اکثر

نقوش کی چالیس غلط دی ہوئی ہوتی ہیں۔ یا پھر فلکی حقائق اتنے مبہم ہوتے ہیں کہ ان پر عمل کرنے کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوتا۔ اگر آپ اس کتاب کے چند ابتدائی ابواب کا اچھی طرح مطالعہ کریں گے اور ان حقائق تک پہنچ لیں گے جو کہ میں نے حتی المقدور آسان ترین طریقوں سے درج کیے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ کی ذات سے امید واثق ہے کہ وہ آپ کو اپنی محنت کا پھل ضرور عطا کرے گا۔

اس کتاب میں درج تمام عملیات صرف اور صرف ذاتی طور پر کرنے کے لیے ہیں۔ کوئی صاحب ان عملیات کو نہ تو اپنا ذریعہ معاش بنائیں اور نہ ہی ان عملیات کو کر کے دوسروں کو دیں۔ ایسی صورت میں اثر ظاہر نہ ہوگا اور بلکہ رجعت عمل یعنی عمل کے الٹ جانے کا خطرہ ہے۔ جو حضرات صرف اپنے لیے عمل کرنا چاہتے ہیں۔ انشاء اللہ انہیں کوئی نقصان نہ ہوگا' باوجود اس کے کہ میں نے تمام نکات کھول کر بیان کر دیے ہیں پھر بھی کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو بذریعہ خط یا ذاتی طور پر ملاقات کے ذریعے مل کر اپنی مشکلات میں مدد طلب کر سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کے جائز مقاصد میں کامیابی عطا فرمائے (آمین)

والسلام

سید شاہ محمد قادری

G-180 ایل' ڈی' اے' فلیٹس ماڈل ٹاؤن ایکس
ٹینشن بلاک 'N' لاہور۔ پاکستان
فون نمبر: 092-42-5169680

باب دوم

اجازت عملیات اور طریقہ کار

کتاب عملیات محبت کے تمام عملیات کی ہر خاص و عام کو ذاتی طور پر کرنے کی مکمل اجازت ہے۔

ہر شخص صرف اپنے لیے عمل کر سکتا ہے

عمل شروع کرنے سے قبل

سورہ کوثر ۱۲۱ مرتبہ برائے حضور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم

سورۃ القدر ۱۱۱ مرتبہ برائے سیدنا غوث الاعظم عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ

سورۃ العصر ۱۰۱ مرتبہ برائے سیدنا بابا تاج الدین اولیاء ناگپوری رحمتہ اللہ علیہ کو پڑھ کر ایصال ثواب کریں

حسب توفیق میٹھے چاول پکا کر معصوم بچوں میں تقسیم کریں۔

ہر جمعرات کو ۲ روپیہ خیرات کریں۔

ہر جمعے کو حضور اکرم نور مجسم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر بکثرت درود شریف بھیجیں۔ لیکن کم از کم ۱۰۱ مرتبہ تو ضرور بھیجیں تاکہ محبت اور مودت کا تعلق روز بروز مستحکم ہوتا جائے اور سرکار مدینہ راحت قلب و سینہ کی نظر کرم کے مستحق ہوں۔

باب سوم

عملیاتی اصول

نام کے اعداد نکالنے کا اصول

اس کتاب میں جگہ جگہ نام مطلوب بمعہ مادر کے اعداد کا جملہ درج ہے۔ یاد رکھئے عملیات میں نام طالب و مطلوب معہ مادر کی لازمی ضرورت پڑتی ہے بغیر اس کے عمل مکمل نہیں ہوتا اس لیے اس طریقے کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیجئے تاکہ عمل کے لیے کسی غلطی کا امکان نہ ہو۔

ا	ب پ	ج چ	د ڈ	ہ	و	ز ژ	ح	ط	ی	ک گ	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر ڑ	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۱۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

ان کو اس طرح یاد کر لیجئے

ابجد
ہوز
حطی
کلمن

سعفص
قرشت
ثخذ
ضظغ

چونکہ علم الاعداد میں ہم عربی نظام کو اولیت دیتے ہیں اس لیے پ ڈ ژ گ وغیرہ کے اعداد ظاہر کرنے کے لیے خانے بنا دیے گئے ہیں تاکہ آپ الجھن کا شکار نہ ہوں۔

یہاں پر اس چیز کا خیال رکھنا بھی بہت ضروری ہے کہ جو حرف لکھنے میں آتے ہیں ان کے ہی اعداد لیے جائیں گے جو بولنے میں آتے ہیں مگر لکھنے میں نہیں ان کے اعداد نہیں لیے جائیں گے۔

مثال   طالب   احمد علی بن زینب
     مطلوب   حمیدہ بنت رانی

طریقہ   ا ح م د   ز ی ن ب
۱ ۸ ۴۰ ۴   ۷ ۱۰ ۵۰ ۲
۵۳   ۶۹

ح م ی د ہ   ر ا ن ی
۸ ۴۰ ۱۰ ۵۳   ۲۰۰ ۵۰۱ ۱۰
۶۷   ۲۶۱

کل مجموعہ   ۵۳ + ۶۹ + ۲۶۱ + ۶۷ = ۴۵۰

ناموں کے اعداد درمیان بن یا بنت کے اعداد نہیں لیے جاتے البتہ جب تعویذ یا نقش کے نیچے عزیمت یا دعا لکھی جاتی ہے تو اس میں عورتوں کے لیے بنت اور مردوں کے لیے بن لکھا جانا ضروری ہے۔

۱ اگر اسم محبت کے لیے کوئی عمل پڑھنا چاہتا ہے تو وہ عمل ۴۵۰ مرتبہ پڑھے گا
نوٹ: یہ اصول اس جگہ کام کرے گا جہاں وظیفے یا پڑھائی کی تعداد مقرر
نہ ہو اگر وہاں کوئی مقدار مقرر ہے تو اس کو ہی اولیت دی جائے گی۔

ستاروں کے آپس میں تعلقات

کوکب	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
دوست	عطارد زہرہ	شمس قمر	شمس قمر	مریخ قمر	عطارد زحل	شمس زہرہ	عطارد شمس
		مریخ	مشتری	مشتری			
برابر	مشتری	زحل	زحل زہرہ	عطارد	مریخ مشتری	مریخ مشتری	مریخ مشتری
						زحل	زحل زہرہ
دشمن	شمس قمر مریخ	عطارد زہرہ	عطارد	زحل زہرہ	شمس قمر	قمر	...

شرف واستقامت برائے ستارگان

تمام ستارے گردش کرتے ہوئے جب مختلف درجوں سے گزرتے ہیں تو وہ کسی مقام پر انتہائی سعد ثابت ہوتے ہیں اور بعض مقامات پر انتہائی برے اثرات ظاہر کرتے ہیں اس لیے خیال رکھنا چاہیے کہ اعمال محبت ایسے اوقات میں کریں جب ستارہ مطلوب و طالب اپنے اچھے مقام پر ہو' اس کی مزید تفصیل کسی بھی اچھی تقویم سے معلوم کی جا سکتی ہے۔

ستارہ	شرف		ہبوط		ستارہ	شرف		ہبوط	
	برج	درجہ	برج	درجہ		برج	درجہ	برج	درجہ
شمس	حمل	۱۹	میزان	۱۹	مشتری	سرطان	۱۵	جدی	۱۵
قمر	ثور	۳	عقرب	۳	زہرہ	حوت	۲۷	سنبلہ	۲۷

مریخ	جدی	۲۸	سرطان	۲۸	زحل	میزان	۲۱	حمل	۲۱
عطارد	سنبلہ	۱۵	حوت	۱۵	راس ذنب	جوزا	تمام بروج	قوس	تمام بروج
مریخ	جدی	۲۸	سرطان	۲۸	زحل	میزان	۲۱	حمل	۲۱
عطارد	سنبلہ	۱۵	حوت	۱۵	راس ذنب	جوزا	تمام بروج	قوس	تمام بروج

عامل کی شرائط

۱ پرہیزگاری اختیار کرے۔

۲ عمل کے دوران فضول حرکات' گفتگو اور تمام معاملات میں میانہ روی اختیار کرے اس کے چلے کے دوران تنہائی اختیار کرے۔

۳ پابند صوم و صلوٰۃ رہے' فارغ اوقات میں کثرت سے درود شریف پڑھے اور تصور مطلوب میں مصروف رہے۔

۴ سوائے اپنے مرشد کے کسی سے اپنے وظیفے یا عمل کے دوران پیش آنے والے واقعات کا ذکر نہ کرے۔

۵ اچھی طرح فیصلہ کرلے کہ عمل کو اپنے انجام تک پہنچا سکتا ہے یا نہیں' بیچ میں عمل چھوڑ دینے سے ہمت پست ہوتی ہے' موکلین عمل ناراض ہوتے ہیں' وقت اور محنت ضائع ہوتی ہے اور عملیات سے اعتبار جاتا رہتا ہے۔

۶ پہلے اچھی طرح سوچ لے کہ جس کے لیے وہ عمل کر رہا ہے کیا اس کو شرعی طور پر پا سکتا ہے یا نہیں بصورت دیگر صرف مطلب کو بیقرار کرنے سے کچھ نہ ہو گا اس لیے کہ جہاں طالب و مطلوب راضی ہوتے ہیں' وہاں معاشی اور برادری و ذات کے مسائل کے باعث بھی شادی نہیں ہو پاتی۔ ان امور کا خیال رکھے۔

پرہیز جلالی یا کامل پرہیز

اکثر جگہ لکھا ہے کہ کامل پرہیز یا پرہیز جلالی کرے ان میں یہ چیزیں آتی ہیں جن کا کھانا اور استعمال کرنا قطعی منع ہے۔

۱ انڈہ، گوشت ہر قسم، اصلی گھی، مکھن، دودھ، مچھلی جانور یا ان کے چمڑے، ہڈی سے بنی ہوئی اشیاء

۲ ہم بستری سے پرہیز

۳ گوشہ تنہائی

۴ تمام بودار اشیاء مثلاً لہسن، پیاز، ہلدی وغیرہ کا استعمال نہ کرے۔

۵ عورتوں اور لڑکیوں سے دور رہے۔

۶ غذا سادہ مثلاً جو کی روٹی وغیرہ استعمال کرے، اگر صحت ہو تو روزے رکھ لے۔ ورنہ ہر ممکن احتیاط کرے۔

باب چہارم

نقوش فی الذات

یہ وہ نقوش ہیں کہ جن کو ذاتی طور پر استعمال میں لا کر مطلب کو بے بحث و مقرر کیا جاتا ہے۔ اس ضمن میں یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ یہ نقوش انتہائی احتیاط اور کامل پرہیز گاری سے تیار کیے جائیں اور کامیابی کی صورت میں فعل حرام سے قطعی سے بچا جائے ورنہ شدید تکلیف اور اذیت میں مبتلا ہو گا اور ہو سکتا ہے کہ کوڑھی، اپاہج یا ہمیشہ کے لیے قوت مردی سے محروم ہو جائے۔ ذیل میں مختلف اعمال درج کیے جا رہے ہیں ان کو اپنی ہمت، مزاج اور ضرورت کے مطابق استعمال کیجئے اور اپنی دلی مراد سے فائدہ اٹھایئے۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عزمت علیکم بعزۃ اللہ و قدرتہ سبحان اللہ بحق موسی کلیم اللہ و بحق عیسی روح اللہ و بحق آدم وحوا و بحق مشرق والمغرب و بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ بحق سبوح قدوس و بحق

جبرائیل ومیکائیل واسرافیل وعزرائیل وبحق مکه و مدینه وبحق بیت المقدس وبحق صفا و مروۃ وبحق شعیب و داود ومہر سلیمان ومہر یوسف وذکریا وبحق جمیع الانبیاء علی نبینا وعلیہم السلام وبحق توراۃ وانجیل و زبور و فرقان العظیم وجعلنا من بین ایدیهم سدا ومن خلفهم سداء وغشیناهم فهم لا یبصرون صم بکم عمی فهم لا یرجعون۔

الٰہی بحق اسمائے مقدسہ محبت فلاں بن فلاں کی بڑھا کر بغیر دیکھے بغیر بولے مجھ فلاں بن فلاں کے ہرگز ہرگز چین نہ آئے، آرام نہ آئے، قرار نہ آئے۔ **العجل الوحا الساعۃ۔**

ترکیب عمل: مندرجہ بالا نقش کو باکمال طہارت و پاکیزگی سے بروز جمعرات ساعت مشتری میں عرق گلاب و زعفران سے لکھے۔ قلم انار کی لکڑی کا بنائے اور لکھتے ہوئے دھونی صندل، عود، لوبان کی دے۔ سفید کاغذ پر نہایت اخلاص سے لکھے اور اس کے بعد اس نقش کو سبز رنگ کے کاغذ میں لپیٹے اور دو رکعت نماز حاجت ادا کر کے خلوص سے دعا مانگے اور بسم اللہ الرحمن الرحیم ۱۱۹ مرتبہ پڑھ کر اپنے آپ پر، نقش پر دم کرے اور سیدھے بازو پر باندھ لے اور مطلوب سے ملاقات کرے۔ چاہیے کہ صبر و تحمل کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑے۔ انشاءاللہ ۲۱ روز میں گوہر مقصود ہاتھ آئے گا۔

نوٹ: فعل حرام، یا کسی کو نیچا دکھانے کے لیے نہ کرے نہ ہی بغیر موم جامہ کے پہنے۔ غسل اور انسانی حاجت کے وقت بازو سے اتار کر کسی پاکیزہ جگہ

رکھے۔

تعویذ الحب

یا وہاب استیل بافت ایل ح ح ح خ خ ح ح ح ح ح خ خ ح ح یا عصالها مکشی بعدہ علیہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ترکیب عمل: عروج ماہ میں نماز جمعہ کے فوراً بعد اس دعا کو نام مطلوب کے اعداد کے پڑھے اور صندل کی دھونی دے کر سفید کاغذ پر لکھے اور سیدھے بازو پر باندھے اور مطلوب سے ملے، اقرار محبت کا کرے گا۔

تعویذ الحب

ع ۱۱ ۱۱ ۱۱۵ ۱۲ ۸ ۸ ۱۱۰ ۱۱۱و و ا د ھ

دود ۱۱ ۸ ۱۱ و فلاں بن فلان

الساعۃ الساعۃ الساعۃ الساعۃ

ترکیب عمل: مندرجہ بالا نقش کو بروز جمعرات اول ساعت میں جبکہ ستارہ نحوست سے بری ہو زعفران اور گلاب سے لکھے اور اپنے دائیں بازو پر باندھے اور ۱۱۹ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے اور خود پر دم کر کے مطلوب کے روبرو جائے انشاءاللہ محبت میں بیقرار ہو اور اقرار محبت کے بغیر چین نہ پائے

انوٹ: بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ۱۱۹ اعمال بھی شائع ہو گئی ہے اس میں

بھی حب کے بہت سارے نقوش شامل ہیں ان سے بھی استفادہ کیا جا سکتا ہے۔)

تعویذالحب

هطه۱۸۸هعهههمر ۱۱۸لحرح بطلاة علقل عملاح

ترکیب عمل: مندرجہ بالا نقش زعفران و گلاب سے بروز جمعرات یا اتوار طلوع آفتاب چند لمحے قبل اپنے سیدھے ہاتھ پر لکھے اور اپنے محبوب کو اسی ہاتھ سے اس طرح سلام کرے کہ ہتھیلی کا رخ محبوب کے سامنے ہو وہ محبت اور تڑپ محسوس کرے گا یہ عمل عموماً سات تا گیارہ یوم کافی ہے اگر اس دوران میں محبوب مطیع ہو جائے تو عمل موقوف کرے اور فاتحہ حضرت دانیال علیہ السلام کی دلائے میٹھے چاول پر اور اس کو معصوم بچوں میں تقسیم کر دے۔

تعویذالحب

سرمہ عمدہ خالص قسم اعلی بروز جمعہ کسی نیک ساعت میں خرید ے اور بروز پیر اول ساعت میں جبکہ ستارہ روز نحوست سے بری ہو سورہ فاتحہ ۱۳۱ مرتبہ تلاوت کرے اور سرمے پر دم کرے مگر یہ احتیاط ضرور کرے کہ سلائی چاندی کی ہو تین مرتبہ سیدھی آنکھ میں دو مرتبہ الٹی آنکھ میں لگائے اور سامنے اپنے مطلوب کے جائے انشاء اللہ مطیع ہو کر اقرار محبت کرے گا۔

تعویذالحب

البیت	البیت۵	البیت۶	البیت۸
ملک۳	ملک۵	ملک۳	ملک۳
محبت۵	حب۹	حب۱۲	حب۳
حی۵	حی۶	حی۵	حی۱۴

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلان و من ناس
بحق من دون الله یحبونهکهب الله والدین امنو اشد حبالله العجل العجل الوحا الوحا الوحا الساعة الساعة عتے

ترکیب عمل: مندرجہ بالا نقوش کو ساعت زہرہ میں جبکہ وہ شرف یا حالت اوج میں ہو انار شیریں کے درخت کا قلم بنا کر زعفران اور عرق گلاب سے لکھے۔ لکھتے وقت ۲۱۱ مرتبہ آیت شریف جو اوپر ہے' تلاوت خلوص قلب سے کرے اور اس دوران منہ میں مصری کی ڈلی رکھے تاکہ ذائقہ زبان کا شیریں رہے ایک نقش کی پشت پر دوسری عبارت لکھے اپنے سیدھے بازو پر اور ایک اپنے مطلوب کو کسی شیریں چیز میں گھول کر پلا دے انشاء اللہ حاضر ہو گا اور قول و قرار پورے کرے گا۔

تعویذالحب

۹ ۵ ۱ ۹ ۵ ۳

۱۱۶ ۱۱ ۱۱ ۸ ۱ ۵ ۱

ددددددددددد

ترکیب عمل: بروز جمعہ اول ساعت میں زعفران اور گلاب کے عرق میں یہ نقش لکھے اپنے سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی پر اور اسی ہاتھ سے محبوب کو سلام کرے، انشاء اللہ محبت دل پیدا ہو، چاہیے کہ یہ عمل سات روز مسلسل کرے، نہایت زور اثر ثابت ہوگا۔

تعویذالحب

۷۶۷ ۵ ۱۱ ۱۱

۵ ۶۶۶ ۳ ۱۱۹

فلاں بن فلاں علی الحب

فلاں بن فلاں

ترکیب عمل: اپنے ستارے کے اعتبار سے موافق دن اور ساعت تلاش کرے اور اس نقش کو مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھے زعفران اور عرق گلاب سے اور ۱۱۹ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر دم کرے اور اپنے سیدھے بازو میں باندھے، انشاء اللہ محبت بے حد ہوگی چاہیے کہ اپنے دل میں حاضری مطلوب کا تصور پختہ رکھے۔

تعویذالحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لاالہ الااللہ محمد رسول رسول اللہ

بحق علی مرتضٰے و بحق حسن و حسین

فلاں من فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

نان نکشایم دیگر نکشاید

العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا

الساعۃ الساعۃ الساعۃ

ترکیب عمل: مندرجہ بالا نقش کو خلوص دل سے تصور محبوب کے ساتھ ۱۳۱ مرتبہ اپنے اور مطلوب کے ستارے کے درمیان نیک نظر کے تحت پڑھے اور اس کے بعد سوئی کاغذ باریک پر اس نقش کو لکھے عرق گلاب و زعفران کے ساتھ، پھر نہایت باریک تہہ کر کے موم جامہ کرے اور زبان کے نیچے رکھ کر محبوب سے ملاقات کرے، انشاء اللہ محبت دل پیدا ہوگی، مگر راز کو ظاہر نہ کرے ورنہ عمل ہاتھ سے جاتا رہے گا۔

تعویذالحب

۱	۲	۳	۴	۵
عو	دو	المتردو	سو	دسو
۶	۷	۸	۹	۱۰
شش	حیف	ہو	طلسا	سو
۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
مطر	مرد	ہو	نام طالب	نام مطلوب

ترکیب عمل: اپنے ستارے اور مطلوب کے ستارے کی نیک ساعت میں ۱۵ ٹکیاں آٹے اور گندم کی بنائے اور باطہارت اس پر مندرجہ بالا نقوش کو ترتیب سے لکھے، لکھنے کے لیے سرخ رنگ کا قلم استعمال کرے، مطلوب اگر مرد ہے تو نر کتے کو اور اگر مطلوب ہستی عورت ہے تو مادہ کتے کو کھلائے محبت بے حد ہو گی اور مطلوب حاضر ہو گا۔

نوٹ:- طالب اور مطلوب کے ناموں میں اگر اللہ یا محمد کے نام ہوں تو ان کے اعداد لکھے نام نہ لکھے، ورنہ بے حرمتی ہو گی۔ (نوٹ، اللہ تعالیٰ کے ۹۹ ناموں کے اعمال کی کتاب "عملیات اسمائے الحسنیٰ" شائع ہو گئی ہے اس میں بھی محبت کے اعمال موجود ہیں۔

تعویذ الحب

ترکیب عمل: بروز منگل ساعت اول میں آٹے کی نو ٹکیاں مندرجہ بالا نقش کی بنائے اور اس پر نقش زعفران و عرق گلاب سے لکھے اور اگر مطلوب مرد ہے تو سیاہ کتوں کو اگر مطلوب عورت ہے تو سیاہ کتیا کو کھلائے اور بغیر پیچھے دیکھے پلٹ آئے۔ ایک ہفتہ کامل یہی عمل کرے، انشاء اللہ مطلوب کو پائے گا لیکن ناجائز کے لیے نہ کرے۔

نوٹ:- اگر نام طالب و مقصود میں اسمائے مقدس ہوں تو ان کی جگہ اعداد لکھے تاکہ بے حرمتی نہ ہو۔

تعویذ الحب

ولم ص طا ع غ ف ق

ص ص ط ا د ہ

یدوا ذا ذکرۃ ربک فی القرآن

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

ترکیب عمل: اپنے ستارے کی نیک ساعت میں زعفران اور عرق گلاب سے سفید ریشمی کپڑے پر بہ خلوص قلب لکھے اور تعویذ کی صورت موم جامہ کرے، اگر مطلوب مرد ہے تو دائیں بازو پر اور اگر مطلوب عورت ہے تو

بائیں بازو پر باندھے اور اس کا تصور کامل رکھے اور سے ملاقات کرے انشاء اللہ ۲۱ یوم میں مراد پوری ہوگی۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یابدوح	۱۰	۷	۹	یابدوح
	۴	۷	۸	
یابدوح	۶	۵	۳	یابدوح

فلاں بن فلاں علے الحب فلاں بن فلاں
بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح در محبت
بے قرار شد العجل الوحا الساعۃ

ترکیب عمل: مندرجہ بالا نقش بدوح کا ہے اور تسخیر محبوب میں اکثر لوگ اس کو استعمال کرتے ہیں' اس نقش کو بالطہارت کامل بروز یکشنبہ جبکہ طالب اور مطلوب کا ستارہ نحوست سے بری ہو' سفید پارچہ ریشمی پر لکھے' صندل کی دھونی دے اور موم جامہ کے سامنے رکھے اور اپنے بدن کا سایہ اس پر ڈالے اور بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر اس کو اٹھالے اور خلوص نیت کے ساتھ اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور تصور حاضری مطلوب کا رکھے' انشاء اللہ مطلوب محبت کا دم بھرے گا۔

تعویذ الحب

۶۱۳ی ے۲۸ ۸۸

ی ۱۱ ۱۱ ۱۱۹۹۸ ۱۳۶ ورح ۱۱۱ی ی ی ی ۳۱۱۱ عواوا ۱۵ ۵ ۱۱ ۱۱ ۴ ۱۱۴

۴ ۱۱ ۳ ۳ ۱۱ ۱۱ ۸ ۲۹ ط ط ح ا د ۵۵ ۱۱ ۲۲۳۲۱۱۱۳ ۱۱ ۸۱۱

۸ ے ۱۱۴ ۱۱ ۱۱ ے۱۴ ۸۱۱ ۲۱۱ ے۱۱ ۲۲ ـ

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

ترکیب عمل: مندرجہ بالا نقش کو بروز یکشنبہ ساعت اول میں جبکہ ستارہ روز نحوست سے بری ہو ہدہد کے خون سے لکھے اور کامل اعتقاد سے اپنے بازو پر باندھے انشاء اللہ مطلوب مطیع و فرماں بردار ہوگا۔

باب پنجم

حب النقوش از نفس

یہ وہ عملیات ہیں جنہیں کسی خوشبودار چیز پر پڑھ کر وہ اس کی مہک مطلوب تک پہنچائی جاتی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا مسخرین فی السموات ولارض سخرلی فلان بن فلاں (نام مطلوب معه مادر) اللهم لین له علے و والله لی و سخر اللهم الف محبتی فی قلبه (نام مطلوب معه مادر) فلاں بن فلاں و وجه علی روفامحبار حیمابر حمتک یاارحم الرحمین ○

ترکیب عمل: پھول گلاب، پھول چنبیلی کا ایک گلدستہ بنوائے اور اس کو عروج ماہ میں جب کہ طالب اور مطلوب کا ستارہ نیک آپس میں نظر رکھتا ہو اس عمل کو مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر دم کرے اور مطلوب کو پیش کرے تو مطلوب محبت کا اقرار کرے اور دائمی قول و قرار سے پیش آئے۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا حیکم الا یعاد له شی من خلقه فلاں بن فلان علے الحب فلاں بن فلاں

ترکیب عمل: مندرجہ بالا عبارت کو کسی خوشبودار پھول، عطر وغیرہ پر ۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مطلوب کے پاس جائے، اگر مطلوب کو براہ راست استعمال نہ کرا سکے تو خود لگا کر جائے اس طرح کہ مطلوب کو اس کی خوشبو پہنچے، انشاء اللہ مطلوب محبت میں مبتلا ہو گا اور اقرار محبت کا اقرار کرے گا۔

تعویذ الحب

یہ عمل ہمارے ایک بزرگ دوست کا عطیہ ہے از راہ محبت انہوں نے عنایت فرمایا کہتے تھے کہ جائز محبت کے لیے اکسیر ہے، آج تک خطا نہیں ہوا بشرطیکہ شرائط پوری کی جائیں اور طہارت قلبی و جسمانی کا باقاعدگی سے اہتمام کیا جائے۔

ترکیب عمل: عروج ماہ میں جبکہ زہرہ اور مشتری دونوں رجعت یا بری نظر سے محفوظ ہوں۔ دن نوچندی جمعرات کا ہو گلاب کے ۲۱ پھول اور عمدہ اگربتیاں لے اور باوضو قبرستان جائے اور ایک ایسی قطار کا انتخاب کرے کہ جس میں ۲۱ قبریں ایک ہی قطار میں ہوں، یعنی کہ بیچ میں کوئی راستہ نہ بنا ہو، ہر قبر پر

حاضری دے، اگر بتی سلگائے، پھول گلاب احترام سے سرہانے سینے پر رکھے اور نہایت ادب و احترام سے صاحب قبر کو سلام کرے، اگر صاحب قبر کے نام کی لوح موجود نہ ہو تب اس کو مخاطب کر کے سلام کرے اور اول ۱۱ مرتبہ درود شریف ابراہیمی پڑھے اس کے بعد صحت قرات کے ساتھ سورہ فاتحہ یعنی الحمد شریف پڑھے اور دوبارہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور کہے کہ اے صاحب قبر میری محبت میں کامیابی کے لیے دعا فرمائے یہ کہہ کر یہی عمل بقیہ بیس قبروں پر دہرائے جب ۲۱ پھول پورے ہو چکیں تو پھر واپسی کا مقصد کر کے آخری قبر پر سات مرتبہ الحمد شریف پڑھے اور اس طرح تمام قبروں پر سات سات مرتبہ الحمد شریف پڑھتا ہوا واپس پہلی قبر پر پہنچے اور نہایت عزت اور احترام سے گلاب کا پھول اٹھا کر سفید ریشمی کپڑے میں لپیٹ لے اور صاحب قبر سے اجازت لے کر چلا آئے، یہ پھول جس کو سنگھائے گا انشاء اللہ ان کی محبت ایسی ہو گی کہ ہر شخص رشک کرے گا اور آپس میں ہمیشہ شیر و شکر رہ کر نہایت پر مسرت زندگی گزاریں گے۔ (نوٹ: یہ عمل کوئی صاحب بغیر تحریری اجازت کے نہ کریں)

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یَا وَدُوْدُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْم

یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْم○

ترکیب عمل: اس عمل کو بروز جمعہ اول ساعت میں اعلیٰ قسم کے عطر پر ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مطلوب کو سنگھائے، انشاء اللہ محبت قائم ہو گی۔

اور مطلوب بیقرار ہو کر طالب سے آملے گا۔

تعویذ الحب

ھُلْ ھُلْ

جُھل جُھل

گامل بھو بھلی

جبھاد جھل،

ترکیب عمل: گلاب یا چنبیلی کے پھولوں پر بروز اتوار اول ساعت میں جبکہ سورج طلوع ہو رہا ہو تو اپنا رخ مشرق کی طرف کر کے ۳۱۳ مرتبہ پڑھے اور تصور مطلوب کی حاضری کا رکھے اور مطلوب کو سنگھائے، مطلوب محبت میں بیقرار ہو، اور اقرار الفت کرے۔

عملیات محبت معہ چلہ کشی

محبت کے عملیات میں یہ وہ عملیات ہیں جو کہ اپنی خاصیت میں جلالی تاثیر رکھتے ہیں ان کی چلہ کشی یا پڑھنے کی معیار عموماً چالیس تا ۱۲۰ یوم ہوتی ہے۔ یہ اپنی تاثیر میں نہایت تیز اور شدید احتیاط کے متقاضی ہوتے ہیں ان اعمال کی تاثیر عموماً ساری عمر قائم رہتی ہے اور مطلوب ہمیشہ تابعداری کا دم بھرتا ہے۔ چلہ کشی کے عملیات کرنے کے لیے تحریری اجازت ضروری ہے۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الہی بحق جبرائیل و عزرائیل
و بحق توریت و موسیٰ
بحق انجیل و عیسیٰ
و بحق فرقان و محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فلاں بن فلاں کو فلاں بن فلاں کے حق میں
بے قرار کر العجل العجل العجل
الوحا الوحا الوحا
الساعۃ الساعۃ الساعۃ

ترکیب عمل: اس عمل کو عروج ماہ میں نوچندی شب جمعہ سے باطہارت کامل و معہ پرہیز جلالی کے ساتھ شروع کرے، اور ہر شب نام مطلوب و طالب کے مجموعہ اعداد کے مطابق پڑھے، دوران عمل بخور صندل و گلاب کا کرے اور بعد عمل اسی جگہ تصور مطلوب میں سو جائے، انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہو گا اس عمل کو کامل چالیس روز پورا کرے۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ
وَكَذَٰلِكَ نُنجِي الْمُؤْمِنِينَ

ترکیب عمل: بروز جمعرات جبکہ نوچندی ہو اور طالب و مطلوب کا ستارہ باہم دوستی پر آمادہ ہو، بوقت بعد نماز فجر ہر روز گیارہ ہزار اکتالیس مرتبہ تلاوت کرے اول آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے، کامل پرہیز کار جلالی رکھے اور معیار ۴۱ یوم پوری کرے، دوران چلہ اگر محبوب آئے یا اس کا کوئی پیغام آئے عمل ادھورا نہ چھوڑے، بلکہ پورا کرے، اس عمل میں ایک احتیاط یہ بھی کرے کہ پڑھتے وقت کوئی کپڑا منہ پر ڈال لے۔

نوٹ:۔ جگہ کا انتخاب ایسا کرے کہ جس میں کوئی مداخلت کرنے والا نہ ہو' انشاء اللہ کوہر مقصود آئے گا' مگر لازمی ہے کہ فعل حرام کے لیے نہ کرے ورنہ آپ سزا اٹھائے گا۔

تعویذالحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللھم اجعلنی محبوبا فلاں بن فلاں فی قلبہ دائما ابدا العجل العجل الوحا الوحا الوحا الساعۃ الساعۃ

ترکیب عمل: اس عمل کو طالب اور مطلوب کے ناموں کے اعداد کے مطابق عروج ماہ کی نوچندی جمعرات سے باپرہیز کامل شروع کرے اور ہر شب پابندی وقت کا بطور خاص خیال رکھے' انشاء اللہ دائمی محبت پیدا ہوگی چاہیے کہ ۴۱ یوم ضرور پورے کرے۔

تعویذالحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یابدوح واحد الودود بحرمن فلاں بن فلاں مبتلائے عشق بحرمت شاہد المعبود بحق یاودود

ترکیب عمل: عروج ماہ میں جبکہ طالع نیک ہو' دن جمعرات نوچندی ہو شب کو ننگے داہنے پاؤں پر کھڑے ہو کر شروع کرے اور محبوب کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے دھونی لوبان کی دے' اس عمل کے دوران بعض اوقات ڈر بھی لگتا ہے اور بعض اشکال دکھائی دیتی ہیں' پہلے اور دوسرے ہفتے اگر دل پر قابو رکھا اور مسلسل محنت جاری رکھے تو اس دوران ۲۱ یوم انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب حاضر ہوگا۔

نوٹ:۔ اس عمل میں پرہیز جلالی اور نڈر ہونے کی ضرورت ہے' کمزور دل حضرات اس عمل کو مت کریں۔

تعویذالحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انا اعطینک الکوثر ثر ثر فصل لربک وانحر حر حر ان شانئک فلاں بن فلاں کا دل فلاں بن فلاں کے بغیر **ھو الابتر ابتر ابتر**

ترکیب عمل: عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو جبکہ ستارہ مشتری نحوست سے بری ہو' ہر شب ۲۱ عدد مرچ سیاہ پر اس عمل مبارک کو ۱۲۱ مرتبہ ہر مرچ پر دم کریں اور دوران عمل' صندل' جدوار' عنبر کافور جلائے' اور ان مرچوں کو باحفاظت آگ میں جلائے' اور راکھ اس جگہ ڈالے جہاں سے مطلوب کے گھر پانی جاتا ہو' ورنہ بصورت مجبوری کسی کھانے میں ملا کے کھلائے اگر یہ ممکن

نہ ہو تو پھر جاری پانی میں بہائے۔ ۲۱ یوم اس عمل کو مسلسل جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب حاضر ہو کر اطاعت کرے گا' اس عمل میں پاکیزگی' پرہیز جلالی اور جمالی لازمی شرط ہے۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا عزیز اللہ الصمد
یا کس یا کسا ہر وقت
مدد مرتضیٰ یا بدوح

ترکیب عمل: عروج ماہ قمری میں جبکہ ستارہ نحوست سے بری ہو عمدہ کپڑے' اچھی خوشبو لگا کر رات کو ۱۲ بجے آغاز عمل کرے' اور ابتداء میں تسبیح درود شریف ابراہیمی پڑھے اور عمل کو مطلوب کے نام کی مقدار کے مطابق پڑھے' ۲۱ویں روز ایک آواز "السلام علیکم" کی سنائی دے گی نہایت آہستگی سے اور تعظیم سے سلام کا جواب دے' اور عمل میں مصروف رہے اور تصور حاضری مطلوب کا مسلسل رکھے' انشاء اللہ تعالیٰ ۲۱ یوم میں منزل مقصود کو پہنچے گا' دوران عمل جو واقعات محسوس ہوں ان سے گھبرائے نہ اور اپنے اردگرد چاروں قل شریف کا حصار کھینچ لے تاکہ دل کو اطمینان رہے' دوران عمل واقعات اور عمل کا کسی سے ذکر نہ کرے' البتہ شرعی امور بجالائے' اور پرہیز جلالی کی پابندی سختی سے کرے۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جاءت لدعوته الا استجار ساجدة
تمش الیه ساق بلا قدم

ترکیب عمل: عروج ماہ قمری میں جبکہ ستارہ طالب و مطلوب میں نظر نیک ہو تو اس عمل کو پابندی خلوص کے ساتھ بجالائے انشاء اللہ کامیاب اور کامران ہو گا' طریقہ یہ ہے کہ اول آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف ابراہیمی صحت قرات کے ساتھ پڑھے اس کے بعد ۳ مرتبہ سورہ فاتحہ ۳ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور اوپر والا عمل صحت قرات کے ساتھ ۳۱۳ مرتبہ حضوری قلب اور حاضری مطلوب کی نیت کے ساتھ پڑھے' اگر مطلوب کی تصویر مل جائے تو سامنے رکھے اور اس پر نگاہ جما کر پڑھے' بعدہ عمل دوبارہ سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص پڑھ کر عمل ختم کر دے' اور اس طرح مسلسل ۲۱ یوم تک کامل پرہیز کے ساتھ عمل کرے' انشاء اللہ منزل دار کو پہنچے گا' اور کامیاب ہو گا۔

نوٹ:- یہ عمل ناراض افسر' گھر سے بھاگے ہوئے بچے' روٹھی ہوئی بیوی کو منانے کے لیے بھی تیر بہدف ثابت ہو گا۔

تعویذ الحب

کل شئی مسخراة باامرهٖ
بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح

ترکیب عمل: کسی قمری مہینے میں نوچندی جمعرات کے دن سے جبکہ

ستارہ طالب و مطلوب کا ایک نظر رکھتا ہو' اس عمل کو معہ پرہیز جلالی کے ساتھ بجا لائے' روزانہ بعد نماز عشاء اول آیت الکرسی چاروں قل پڑھ کر اپنے گرد حصار کرے اور عمل مبارک ۴۴۴۴ مرتبہ روزانہ پڑھے' اور ۴۱ یوم میں سوالاکھ کی تعداد کو پورا کرے' ایک ہفتے کے بعد ہی اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے' لیکن کسی پر نہ تو ظاہر کرے اور نہ ہی کسی واقعے سے خوف کھائے انشاء اللہ مطلوب حاضر ہو کر اطاعت کرے گا اور تمام عمر جدائی نہ ہو گی دوران عمل خوشبویات عود' لوبان اور صندل کا استعمال کیا جائے' اول آخر درود شریف ۲۱ ۲۱ مرتبہ پڑھے' بعدہ فراغت عمل حاضری مطلب کے تصور میں سو جائے۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فامہ هاویہ

وما ادرک ماهیہ

نار حامیہ○

ترکیب عمل: بروز جمعرات عروج ماہ قمری میں نوچندی کو بعد نماز عشاء اول آخر ۲۱-۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں ۳۱۳ مرتبہ اس کلام پاک کی تلاوت کرے' اور چوراہے کی مٹی کو سامنے لا کر رکھے اور عمل کو اس پر دم کر کے

سو ختم قلب بنت فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں العجل العجل

الوحا الوحا الساعة الساعة اور مٹی کو آگ میں ڈال دے' ۲۱ روز یہ عمل کرے انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو گا اور اقرار الفت کرے گا' لیکن اس کی آمد اور وارفتگی سے ہرگز ہرگز ناجائز فائدہ نہ اٹھائے ورنہ مبتلائے مصیبت ہو گا' اور تا عمر پچھتائے گا' دوران عمل شکر سفید ہمراہ رکھے اور منہ میں چند دانے ڈالتا رہے' عمل کے بعد تصور حاضری مطلوب میں سو جائے' بخور عود صندل اور عطر گلاب کرے۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یاشیخ سلیمان	یامولانا سلیمان	یاشیخ سلیمان	یامولانا سلیمان
یاشیخ سلیمان	یامولانا سلیمان	یاشیخ سلیمان	یامولانا سلیمان
یاشیخ سلیمان	یامولانا سلیمان	یاشیخ سلیمان	یامولانا سلیمان
یاشیخ سلیمان	یامولانا سلیمان	یاشیخ سلیمان	یامولانا سلیمان

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں دائما ابدا بیقرار شد

ترکیب عمل: عروج ماہ قمری میں جبکہ ستارہ طالب و مطلوب کا نحوست سے بری ہو اور قمر برج ثور میں یا میزان میں ہو تو اس عمل کو شروع کرے روزانہ گیارہ تسبیح مندرجہ ذیل عمل کو پڑھے۔

یاشیخ سلیمان یامولانا سلیمان فلاں بن فلاں

علی الحب فلاں بن فلاں دائما ابدا بیقرار شد

پہلے دن مندرجہ بالا دو نقش زعفران اور عرق گلاب سے لکھے اور ہر روز اس پر دم کرے، ۲۱ویں روز ایک نقش کو دم کرکے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے اور دوسرے کو دھو کر مطلوب کو پلا دے انشاءاللہ نہایت گہری محبت ہوگی۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یحبونہم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ ۝

ترکیب عمل: عروج ماہ قمری میں بروز بدھ یا پیر یا جمعرات سے شروع کرے، قبل از عمل وضو کرے، طہارت قلبی کے ساتھ ۵۲۱ مرتبہ آیت مذکورہ تصور محبوب کے ساتھ تلاوت کرے اور خوشبویات کا استعمال کرے، اول آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ۲۱ یوم تنہائی میں پابندی وقت کے ساتھ اس کو عمل کرے انشاءاللہ مطلوب حاضر ہو کر اقرار محبت کرے گا۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم اقدف فی قلبی
رجاک وقطع رجائی
عمن سواک حتی لا اخذا احدا غیرک

ترکیب عمل: عروج ماہ میں نوچندی جمعرات سے بعد نماز عشاء اول آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور نام مطلوب مع مادر کے اعداد کے مطابق مندرجہ بالا عمل صحت قرأت کے ساتھ پڑھے اور ۲۱ روز کا چلہ اور پرہیز مکمل کرے، مطلوب اس عرصے میں بیقرار ہو کر حاضر ہوگا اور اطاعت کا دم بھرے گا، بعد عمل کے ۲۱ مرتبہ ہمیشہ پڑھے محبت دائمی قائم رہے، انشاءاللہ۔

تعویذ الحب

یا مقلب القلوب ہوائی
بحق یا بدوح الحب فلاں بن فلاں بحق یا بدوح

ترکیب عمل: نئے چاند میں نوچندی جمعرات کو طہارت و پاکیزگی کے ساتھ نام مطلوب مع مادر کے اعداد کے مطابق پڑھے اول آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے انشاءاللہ مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہوگی اور اظہار الفت میں بے قرار ہوگا، اس کا کامل چلہ ۲۱ یوم کا ہے جو پابندی وقت اور تنہائی میں کرنا ہے۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل ہو اللہ احد
در محبت من فلاں بن فلاں مطیع و حاضر من باذن اللہ یا
جبرائیل

ترکیب عمل: عروج ماہ میں بروز یکشنبہ شروع کرے اور اول روز ۱۱۴۱ مرتبہ، دوسرے روز (۲۲۸۲) مرتبہ، تیسرے روز ۳۴۲۳ مرتبہ، چوتھے روز ۴۵۶۴ مرتبہ، پانچویں روز ۵۷۰۵ مرتبہ، چھٹے روز ۶۸۴۶ مرتبہ اور ساتویں روز ۷۹۸۷ مرتبہ خانہ محبوب کی جانب پڑھ کر دم کرے، اپنا رخ بھی خانہ محبوب کی جانب رکھے اگر ایک چلے یعنی سات روز میں کام نہ بنے تو دوبارہ شروع کرے انشاء اللہ تعالیٰ تیسرے چلے کی نوبت نہیں آئے گی اور مطلوب حاضر ہو کر محبت کا دم بھرے گا۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم
یا کریم یا مفتح الابواب

ترکیب عمل: عروج ماہ قمری میں جبکہ طالع نحوست سے بری ہو، اور مطلوب کے طالع سے نیک نیت رکھتا ہو، روزانہ باطہارت مقام تنہا پر خوشبویات روشن کرکے بروز جمعرات شروع کرے اور ۱۱۱۱ مرتبہ تصور مطلوب کے ساتھ بہ خلوص قلب تلاوت کرے، دوران عمل سوائے سادی روٹی اور لوکی بغیر گھی کے کچھ نہ کھائے۔ انشاء اللہ ۱۱ روز کے اندر مطلوب محبت میں مبتلا ہو گا اور الفت کا اقرار کرے گا۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نصر من اللہ و فتح قریب ○

و بشر المومنین ○

ترکیب عمل: باطہارت قلبی و جسمانی عروج ماہ قمری میں بروز پیر کی شب شروع کرے اور روزانہ ۱۰۷ مرتبہ پڑھے اپنا رخ خانہ مطلوب کی جانب رکھے اور یہ تصور رہے کہ مطلوب بیقرار اور بے حال ہو کر کسی بھی لمحے حاضر ہو سکتا ہے، انشاء اللہ ۴۱ یوم کے عمل سے محبوب حاضر ہو گا اور اقرار اپنی محبت کا دائمی کرے گا۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل ھو اللہ احد بحرمۃ جبرائیل
اللہ الصمد بحرمۃ اسرافیل
لم یلد بحرمۃ میکائیل
ولم یولد بحرمۃ عزرائیل
ولم یکن لہ کفوا احد بحرمۃ دردائیل مہرائیل ○

ترکیب عمل: واسطے جذب قلوب اور تسخیر محبوب کے سلسلے میں یہ

حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے "اگر محبوب کے بغیر چین نہ پڑتا ہو اور کوئی صورت اس کے بغیر بن نہ آتی ہو تو اس عمل کو پڑھے انشاء اللہ حصول مراد کو پہنچے گا" چاہیے کہ عروج ماہ قمری میں نماز عشاء انتہائی خشوع و خضوع سے ادا کرے اس کے بعد خوشبویات روشن کرے اور اس عمل کو تصور محبوب کے ساتھ ۳۶۰ مرتبہ باصحت قرات کرے اور اول آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے تاکہ رجعت سے محفوظ رہے' اول دن اسی نقش کو زعفران اور گلاب سے سفید ریشمی کپڑے پر لکھے اور سیدھے بازو پر باندھ لے' ۲۱ یوم کے اندر کامل مراد کو پہنچے گا۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٰہی لین قلوبہم وارزقنی
ما فی قلبی ونجنی من ھذا الغم
برحمتک یا ارحم الراحمین

ترکیب عمل: عروج ماہ میں جبکہ طالع طالب اور مطلوب نیک نظر ہو تو اس عمل کو محبوب کے نام کے اعداد کے مطابق اول آخر ۲۱-۲۱ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھے 'اپنا رخ محبوب کے گھر کی طرف رکھے' اور بعد عمل حاضری کے محبوب کے تصور میں سو رہے' ۲۱ یوم میں انشاء اللہ مراد دلی پوری ہو گی۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال علیہ السلام قلب المومن اصابع الرحمن ٥

ترکیب عمل: اس عمل کی بنیاد حضور اکرم نور مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد پاک ہے کہ مومن کا دل اللہ کی دو انگلیوں کے بیچ ہے اور اس کو اختیار ہے کہ جس طرف چاہے پھیر دے۔

اس ارشاد پاک کو لکھنے کا اصل مقصد یہ ہے کہ اول تو دیکھے کہ واقعی مطلوب کو شرعی طریقے سے اپنا سکتا ہے یا نہیں' اگر اس کی ہمت نہ ہو تو پھر صرف مطلوب کے دل کو بیقرار کرنے کا اور اس کو جلانے مصیبت کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ کیونکہ یہ عمل بارہا کا تجربہ شدہ ہے اس لیے خلوص دل سے کیا ہوا عمل کبھی بھی خالی نہیں جاتا' دوم یہ کہ اس عمل کو کبھی ناجائز مقاصد کے لیے نہ کرے ورنہ سخت پچھتائے گا۔

جب اس عمل کو شروع کرنے کا ارادہ ہو تو پھر طالب و مطلوب کے اعداد معہ مادر کے نکالے اور بروز نوچندی جمعرات خوشبویات روشن کرے' اور باطہارت جسمانی اور قلبی اس عمل کو معہ اول آخر ۹۲-۹۲ مرتبہ درود شریف کے پڑھے اور مطلوب کی حاضری کا تصور نہایت پختہ رکھے انشاء اللہ ۲۱ یوم میں اپنی حصول مراد کو پہنچے گا۔

تعویذ الحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا رحمن کل شی و وارثہ

و رحمہ یا رحمن ٥

ترکیب عمل: جب اس عمل کا ارادہ ہو تو چندی جمعرات کا انتخاب کرے' اور دانہ گندم ہزار لے' اور ہر دانے پر ایک دفعہ یہ اسم پڑھے اور ایک نیا برتن پانی سے بھر کے آگ پر رکھے' اور جب پانی گرم ہو جائے' تو یہ تمام دانے اس میں ڈال دیں' اور جوش دیں اور جب نیم جوش ہو جائیں تو ان کو نکال کر کسی جاری پانی میں ڈال دیں' انشاء اللہ بہت جلد منزل مراد کو پہنچے گا۔

باب ہفتم

اعمال محبت متفرقات

نقش برائے تسخیر

ساعت زہرہ میں' جبکہ چاند کی ابتدائی تاریخیں ہوں اور دن پیر کا ہو' مندرجہ ذیل کا نقش مبارک مشک اور زعفران سے ہرن کی جھلی پر خوش اعتقادی سے لکھے' اور سیدھے بازو پر باندھے' ایسی تسخیر ہو کہ لوگ اس کے تابع اور فرمان ہو جائیں روزانہ ۱۰۱ مرتبہ اس آیت پاک کی تلاوت کر کے اور پانی یا شکر پر دم کر کے پاس رکھے' تمام نیک مقاصد کے لیے کھلائے' پلائے انشاء اللہ کامیاب ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فسیکفیکھم	اللہ و	السمیع	العلیم
العلیم	السمیع	اللہ و	فسیکفیکھم
اللہ و	فسیکفیکھم	العلیم	السمیع
السمیع	العلیم	فسیکفیکھم	اللہ و

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

نقش برائے سورۃ اخلاص برائے حب و تسخیر

سورۃ اخلاص میں تسخیر خاص اور عام کی نہایت گہری تاثیر ہے' لیکن یہ واضح رہے کہ یہ سورہ توحید ہے اس کو غلط طور پر استعمال کرنے والا معذور' اپاہج اور لوگوں کے لیے دیدہ عبرت بھی بن سکتا ہے' اس لیے ضروری ہے کہ اس نقش کو نہایت درستگی نیت کے ساتھ استعمال کرے' اس نقش مبارک کے بیس فائدے اکثر عاملین نے لکھے ہیں اور سچ تو یہ ہے کہ فوائد اس کے بیس ہزار سے بھی زائد پائے گئے ہیں' اصل مسئلہ سچی نیت اور اعتقاد کا ہے۔

۱ اس نقش کو لکھ کر پیٹ درد' السر اور دیگر امراض معدہ کے لیے بروز بدھ ساعت عطارد میں پلائے' مریض تین یوم میں تندرست ہو۔

۲ غائب کو حاضر کرنے کے لیے لکھے اور کسی پھل دار درخت کی جڑ میں دبا دے انشاء اللہ چند یوم میں مطلوب حاضر ہو۔

۳ باری کے بخار والے کو لکھ کر اس کے داہنے بازو میں باندھے بخار موقوف ہو' ٹائیفائڈ کے مریض کو لکھ کر زعفران و گلاب میں صبح و شام پلائے صحت یاب ہو۔

۴ ساعت عطارد میں جب ستارہ طالع سے نیک نظر بنائے چاندی پر نقش کر کے گلے میں ڈالے پاگل' مجنوں صحت یاب ہو نسیان کا مرض کافور ہو۔

۵ جن' بھوت' آسیب ہمہ قسم کے دفع کے لیے اس کا نقش گلے میں ڈالے مصائب دور ہوں۔

۶ بخلوص نیت اس نقش کو لکھ کر زعفران و گلاب میں اور نیچے اپنی خواہش لکھے جو قرآن حکیم میں تیسواں پارے میں جہاں یہ سورہ مبارکہ درج ہے رکھے' اپنی آرزو کے متعلق تمام حقائق اسی رات خواب میں دیکھ لیں۔

۷ اس نقش کے روزانہ ۲۱ مرتبہ زعفران و گلاب سے لکھے' اور دریا میں آٹے کی گولی میں باندھ کر ڈالے' ۱۲ روز میں ہر جائز مراد پوری ہو گی۔

۸ شرف آفتاب' زہرہ' یا قمر میں لکھے اور کسی میٹھی چیز پر دم کرے محبوب کو کھلائے' ایسی محبت ہو کہ لوگ دیکھیں اور رشک کریں۔

۹ درد سر' ہائی بلڈ پریشر میں لکھے اور پئے انشاء اللہ مرض دور ہو۔

۱۰ دشمنوں سے باز رہنے کے لیے اس نقش کو لکھ کر پرانی قبر میں سرہانے دفن کریں' دشمن حرکتوں سے باز آئے۔

۱۱ اگر لکنت کے مریض کو کھلائے تو اس کی زبان کھل جائے۔

۱۲ درد کا مریض اس کو خوش اعتقادی سے دیکھے اور سورہ اخلاص کا ورد کرتا رہے تو ہر قسم کا درد دور ہو۔

۱۳ اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے وسعت رزق پائے۔

۱۴ کسی خاص کام سے قبل اس کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے انشاء اللہ کامیاب ہو۔

۱۵ جو اس کو ایک چلے تک روزانہ ۳۰ مرتبہ لکھے اس کو تسخیر عام بے حد ہو۔

۱۶ اگر مردے کے کفن پر لکھے عذاب قبر سے محفوظ رہے۔

۱۷ جس کے پاس یہ نقش ہو وہ چوری سے محفوظ رہے۔

۱۸ شوہر بیوی کو یا بیوی شوہر کو پلائے تو کبھی اس کا دل کسی اور کی جانب مائل نہ ہو۔

۱۹ اس کو اپنے پاس رکھنے والا اپنے ایمان کو ہمیشہ سلامت پائے۔

۲۰ مرد اس کو لکھ کر ساعت عطارد میں عورت کے سینے پر رکھے تو عورت اپنا تمام راز کہدے۔

۲۱ جو شیطاطین کے چنگل میں گرفتار ہو' اس کو روزانہ لکھے اور طلوع شمس میں پلائے ہر قسم کے وسواس سے محفوظ رہے۔

۲۲ ہرن کی جھلی پر لکھے اور پاس رکھے کبھی چلنے سے نہ تھکے۔

۲۳ اس کا نقش نافرمان عورت کو دے جبکہ وہ حیض و نفاس سے پاک ہو تاکہ تابع فرمان رہے۔

۲۴ جو اپنے پاس رکھے اور سورہ اخلاص کا ورد رکھے تمام عالم سفلی مطیع ہو۔

۲۵ بچوں کے سوکڑے کے لیے اس نقش کو بروز جمعہ ساعت اول میں لکھے اور بچے کے گلے میں ڈالے محفوظ اور صحت یاب رہے۔

نقش منظم یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل	ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد
ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم
اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا	احد

اسم مبارک یاودود

یہ عمل اکثر علمائے حق کا ورد رہا ہے اور یہی وہ اسم مبارک ہے جس کے ذریعے اہل اللہ اپنی محبت لوگوں کے دلوں میں مستحکم اور نقش کرتے تھے۔ جب محبت کے معاملات میں دل بہت بے چین کرے تو حسب ضرورت نمک لاہوری (کلاں والا نمک) صاف ستھرا کرے اور اس کو اپنے ستارے کی سعد ساعت میں کوٹے' جب باریک ہو جائے تو اس پر اسم مبارک "یاودود" ایک ہزار ایک سو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور آخر میں زبان کی نوک کو نمک سے لگائے۔ عمل کے اول آخر میں ۱۰۱ ایک مرتبہ درود شریف ابراہیمی پڑھے اور اپنے مطلوب کو استعمال کرائے۔ انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہو گا۔ یہ عمل گھر کے بگڑے ہوئے افراد کے لیے بھی کیا جا سکتا ہے یہ نمک بہت احتیاط سے رکھیں اور زمین پر نہ گرنے دیں۔ یہ عمل بلا اجازت نہ کیا جائے۔

سورہ فاتحہ برائے محبت

سورہ فاتحہ یعنی الحمد شریف کو ۳۰ یوم روزانہ ۴۱ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے اور اس چلے کے بعد سورہ فاتحہ ۴۱ مرتبہ پڑھ کر جس بشر کو کھلائے گا'

نوٹ:۔ اسم الٰہی دیگر اعمال کی نہایت پر اثر کتاب اسماء الحسنیٰ بھی شائع ہو چکی ہے اس میں بھی حسب مطلب اسم کے ذریعے حاجت پوری کی جا سکتی ہے۔

کر دوست بن جائے گا' اس کی خاصیت انسان اور حیوان پر یکساں ظاہر ہوتی ہے۔

نوٹ: یہ عمل بغیر اجازت نہ کیا جائے۔

محبوب کو خواب میں بلانے کا طریقہ

جس کا محبوب دور ہو' اور اس کو کسی پل اپنے محبوب کے بغیر چین نہ پڑتا ہو اور بن دیکھے نہ رہ پائے اس کے لیے یہ عمل بہت خوب ہے' چاہیے کہ اول تاریخوں میں پاکیزہ لباس پہنے معطر ہو اور اپنے محبوب کے کامل تصور کے ساتھ اس عمل کو بجالائے' انشاءاللہ دیدار محبوب سے سرفراز ہوگا۔

اول آخر ۱۱-۱۱ درود شریف **اللھم صلے علے محمد و علی آل محمد بعدد کل ذرۃ مائۃ الف الف ○**

اس کے بعد ایک ہی سانس میں گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور قبلہ رخ ہو کر سو جائے' انشاءاللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔

روٹھے ہوئے محبوب کو بلانے کا ایک سریع التاثیر عمل

عمل کیا ہے' ایک چلتا ہوا تیر ہے' جو تمام شرائط کے ساتھ کیا جائے تو خطا نہیں کرتا' اصل شرط خلوص نیت اور پابندی کی ہے' تمام جائز صورتوں میں فوری اثر انداز ہوتا ہے' ناجائز صورتوں میں کرنے والے کے حشر سے میں بری الذمہ ہوں' میرا مقصد اچھا برا سمجھا دینا ہے آگے آپ خود اپنی مرضی

کے مالک اور مختار ہیں۔

اول گیارہ روز ہر قسم کے گوشت اور انڈے سے پرہیز کرے اور اس کے بعد اس نقش کو ہر روز ۶۰ یوم تک ۶۰ مرتبہ لکھے اور پڑھے۔

۳	۱۹	۱
۱۸	یہاں نام مطلوب مع والدہ لکھے	۵
۲	۴	۴

بعد عمل کے نقش لکھے درمیان میں جو جگہ خالی ہو اس میں مطلوب کا نام مع والدہ لکھے اور آگ کی تپش پہنچائے انشاءاللہ محبوب حاضر ہوگا۔

محبت برائے میاں' بیوی

یہ ایک مجرب طلسم ہے' جو کہ عموماً ان پڑھ افراد کے لیے تشکیل دیا گیا ہے' تاکہ وہ بغیر کسی دشواری کے اپنے مطلب کو پا سکیں' اگر مرد سے عورت ناراض ہو تو مادہ کو' اور اگر مرد عورت سے ناراض ہے تو نر کتے کو کھلائے' طریقہ یہ ہے کہ روٹی کے ۱۳ ٹکڑے کرے اور ہر ٹکڑے پر یہ طلسم لکھے اس طرح تین روز کرے' اللہ تعالیٰ مراد پوری فرمائے گا۔

ع　۲　۱۵　ع　ع۹

۲۹　۵۹　۳　۹۹　۵۵　ع۷　۵۷　۱۲

ناراض شوہر کو منانے کے لیے

یہ نقش ایسی صورتوں میں نہایت کار آمد ثابت ہوتا ہے جبکہ شوہر کی ایک سے زائد بیویاں ہوں یا شوہر بیوی سے عدم توجہی برتتا ہو یا اس کے ایسے مشاغل ہوں جن کی وجہ سے بیوی سے دور رہتا ہو' یہ نقش شرف زہرہ میں زعفران اور گلاب سے لکھے اور سونے یا پھر چاندی کے تعویذ میں رکھے اور گلے میں ڈالے انشاء اللہ منزل مراد کو پہنچے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یانبی	یامصطفیٰ
یامرتضیٰ	یامجتبیٰ

اللھم صلی علی سیدنا محمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اللھم ان محبۃ فلانہ بنت فلانہ علی قلب فلان بن فلان کما القیت محبت البلقیس علی قلب سلیمان علیہ السلام ولین لھا قلبہ کما نیست الحدید لداؤد علیہ السلام و سخرۃ لھا کما سخرت فرعون لموسیٰ وجھیا الہ کما حبت عائشہ الی حبیبک سیدنا و مولانا محمد صلی اللہ تعالی علیہ والہ وصحبہ وبارک وسلم

الحمد شریف موافقت برائے زن وشو

سورہ فاتحہ نہایت جلیل القدر سورہ پاک ہے اس میں رحمت اور

تسخیر کی بے پناہ طاقت ہے ایسے میاں بیوی جن میں باہمی رنجش رہتی ہو' کوئی بھی فریق ایک سو ایک مرتبہ تنہائی میں کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر دم کرے اور کھلائے' انتخاب ساعت زہرہ یا مشتری کا ہو' قمر زائد النور ہو تو انشاء اللہ نہایت ہی جلد موافقت پیدا ہو اور دیکھنے والے رشک کریں۔

محبوب عاشق ہو کر حاضر ہو

سورہ فاتحہ کا ایک خاص عمل علمائے فن سے مجھ تک پہنچا ہے بغیر کسی عمل کے نظر قار ئین کرتا ہوں امید ہے کہ اپنی دلی مراد سے سیراب ہوں گے اور میرے حق میں دعائے خیر فرمائیں گے۔ جو اصحاب اس کو آزمانا چاہیں بصد شوق آزمائیں انشاء اللہ جائز مراد پر تیر کی طرح اثر کرے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ بستم دل و جان فلان بنت فلان رب العلمین بستم ہر کام فلاں بنت فلاں الرحمٰن بستم دو گوش فلاں بنت فلان الرحیم بستم دو بازروئے فلاں بنت فلاں ملک بستم حلقوم فلاں بنت فلاں یوم الدین بستم دو چشم فلاں بنت فلاں ایاک نعبد بستم خواب فلاں بنت فلاں و ایاک نستعین بستم نطق فلاں بنت فلاں اھدنا الصراط المستقیم بستم چہار پا استخوان فلاں بنت

فلاں صراط الذین بستم شعت دو رگ فلاں بنت فلاں انعمت علیھم بستم دو زانوے فلاں بنت فلاں غیر المغضوب علیھم بستم فرج فلاں بنت فلاں والضالین آمین بستم بستم ہفت اندام فلاں بنت فلاں قامن نکشایم کس نکشاید العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا

اس عمل کو نام طالب اور مطلوب کے جملہ اعداد کے مطابق ایک چلے تک پڑھنا چاہیے اور تصور مطلوب بے حد پختہ ہونا چاہیے انشاء اللہ ایک ہی چلے میں شخص دیوانہ حاضر ہو گا' اور اقرار محبت کا داعی کرے گا۔

بیوی اور شوہر میں محبت بڑھانے کا عمل

اکثر اوقات بعض معمولی غلط فہمیوں سے محبت میں بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے۔ فریقین آپس میں ایک دوسرے سے کھنچے کھنچے رہتے ہیں اور باوجود کوشش کے ایک فریق دوسرے کو راضی نہیں کر پاتا اگر آپ کے ساتھ بھی ایسا ہی ہو تو اعداد طالب اور مطلوب مع والدہ کے نکالیں اور اسی قدر سیاہ مرچ ثابت لے کر کوکلے دھکائیں اور بروز جمعہ اول ساعت میں جبکہ زہرہ کی ذاتی ستارے سے نیک نظر ہو اور ہر مرچ پر الحمد شریف پڑھیں اور دم کر کے کوکلے پر ماریں اور یہ تصور کریں کہ مطلوب کے دل پر مار رہا ہوں۔ عمل تمام کریں۔ انشاء اللہ چند ہی یوم میں غلط فہمیوں کے بادل چھٹ جائیں گے اور محبت کی برسات شروع ہو جائے گی۔ روٹھے ہوئے جوڑوں کے لیے یہ عمل اکسیر ہے۔

عمل دیگر

جو عورت اپنے شوہر کی نظر میں ہر دلعزیز رہنا چاہے وہ اس نقش کو اپنے پاس رکھے اور ہر جمعے کے دن پہلی ساعت میں اس کو لکھ کر کسی بھی چیز میں ملا کر شوہر کو پلا دیا کرے شوہر اس کو دیوانہ وار چاہے' آزما لے جس کا جی چاہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۰۰۹	۲۰۰۳	۲۰۱۲	۲۰۰۴
۲۰۰۵	۲۰۰۳	۲۰۰۹	۲۰۳
۲۰۰۳	۲۰۰۸	۲۰۵	۲۰۰۷
۲۰۳	۲۰۰۲	۲۰۰۵	۲۰۱۷

دشمن عاشق بن جائے

سورہ الفیل دشمن کو عاشق بنا دیتی ہے۔ بشرطیکہ نیت نیک ہو' اور دل اپنی جانب سے دشمنی سے پاک کیا گیا ہو' طریقہ اس کے اس طرح سے ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الم ترکیف بستم خواب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں فعل ربک باصحب الفیل الم

بجعل بستم بول و براز فلاں بن فلاں کیدھم فی
تضلیل وارسل علیھم بستم نظر و قلب فلاں بن
فلاں طیرا ابابیل ترمیھم بحجارۃ بن من سجیل
فجعلم بستم جملہ امور فلاں بن فلاں بحق کعصفم
ماکول العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ
الساعۃ الوحا الوحا الوحا

نام طالب اور مطلوب کے برابر پڑھے اور شکر پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے' نہ ہو سکے تو چیونٹیوں کو کھلا دے۔

دیگر: محبت کے لیے یہ نقش بروز جمعہ ساعت اول میں لکھے ایک کے میں خود پہنے' دوسرا تکیے میں سی دے اور گھول کر پلائے انشاء اللہ ایسی محبت ہو کر دیکھنے والے رشک کریں' خالی جگہ میں نام مطلوب و طالب مع مادر لکھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۵۳۸۱	۱۵۳۸۴	۱۵۳۸۷	۱۵۳۷۳
۱۵۳۸۶	۱۵۳۸	۱۵۳۸۰	۱۵۳۸۵
۱۵۳۷۵		۱۵۳۸۲	۱۵۳۷۹
۱۵۳۸۲	۱۵۳۷۸	۱۵۳۷۶	۱۵۳۸۸

دیگر: مرد اور عورت میں سے کسی کو مطیع کرنا ہو تو ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے ملا کر سیدھے بازو پر باندھے۔

محبوب خود مطلوب بن جائے

یہ دعا ساعت سعید میں جبکہ طالع کی نظر محبوب کے ستارے سے نیک ہو تو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھے اور گلاب سے محو کر کے پلائے انشاء اللہ ایسی محبت ہو کہ دیکھنے والے رشک کریں اور معشوق عاشق بن جائے اس دعا کو سرخ یا سفید چاندی کے ورق پر لکھ کر چاندی کے تعویذ میں پاس رکھنے سے طرح طرح کی برکتیں ظاہر ہوں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا سید یا سید یا سید اللھم مودت و محبت بین
فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں کما بین
آدم و حوا کما بین ابراہیم و سارا کما بین یوسف
و زلیخا کما بین محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم
و عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہ و مودتہ و کما
بین علی و فاطمہ الذھر ارضی اللہ تعالی عنہ
و بحق یحبونھم کحب اللہ والذین امنو اشد حب
اللہ و بحق الرحمن و علم القرآن و بحق سست
حروف ابجد و بحق این اسم اعظم یا حی یا قیوم یا
ارحم الرحمن و صلی اللہ علی خیر خلقہ محمد
و علی سائر الانبیاء والمرسلین و علی آلہ

واصحابہ اجمعین ۝

برائے محبت وشوہر و بیوی

یہ نقش لکھ کر اگر مرد سے بیوی ناراض ہے تو مرد اپنے الٹے بازو پر اور اگر بیوی سے مرد ناراض ہے تو عورت اپنے سیدھے بازو پر موم جامہ کر کے باندھے انشاء اللہ ضرور اثر ہو گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فلاں بن فلاں علی الب	۲۶	۲۰	۴
فلاں بن فلاں			
۲۳	۳	۲	۲۳
۱۰	۲۷	۳۰	۴
۲۸	۶	۸	۱۸

عمل دیگر برائے محبت

یہ عمل طالب اور مطلوب کے ناموں کے اعداد کے مطابق ساعت سعید میں عمدہ کپڑے پہن کر کرے اور عطر گلاب میں خود کو بسا کر پڑھے انشاء اللہ ۲۱ روز میں اثر کامل ظاہر ہو گا اور دلی مراد بر آئے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لجمعھم یرحبونھم کحب اللہ والذین امنو اشد حبا للہ ۝ ولم یری الذین ۝ ظلموا اذیرون العذاب یحبھم و یحبونھم اللھم الفت بینھما کما الفت بین ادم و حوا اللھم الفت بینھما کما الفت بین یوسف و زلخیا اللھم الفت بینھما کما الفت بین ابراہیم و سارا اللھم الف بینھما کما الفت بین محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم و خدیجہ الکبری رضی اللہ تعالی اللھم الفت بینھما کما الفت بین علی و فاطمتہ الزھرۃ صلی اللہ تعالی علیھم وسلم یا سیدی یا سیدی یا سیدی الحب فلاں بن فلاں علی قلب فلاں بن فلاں۔

دوسرے کو اپنی محبت میں مبتلا کرنے کا عمل

یہ نقش اور عمل ایسی صورت حال کے لیے اکسیر ہے جبکہ لڑکی یا لڑکے کے ورثا راضی نہیں ہوتے تو چاہیے کہ اس آیت کریمہ کے اعداد سوا بسم اللہ الرحمن الرحیم جو کہ ۱۹۹۶ بنتے ہیں۔

(آیت) بسم اللہ الرحمن الرحیم لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنہ حریض

علیکم بالمومنین رؤف الرحیم

ان اعداد میں لڑکی اور اس کی ماں کے نام کے اعداد شامل کرے اور نقش مربع ایسے وقت میں پر کریں جبکہ قمر برج ثور یا سرطان میں نیک ہو' اور زہرہ یا مشتری نیک نظر رکھتے ہوں نقش کو تیار کرتے وقت عطر سائگ' عطر گلاب اور کیوڑہ استعمال کرے ان ستاروں کی متعلقہ خوشبو یہی ہے۔ اس کے بعد نقش کو نہایت ادب اور احترام سے موم جامہ کرکے شب یکشنبہ میں بعد نصف رات وضو کرے اور دو رکعت نماز نفل پڑھے اور سورہ فاتحہ کے بعد دونوں رکعات میں ۲۰، ۲۰ مرتبہ آیت مبارکہ پڑھے' بعدہ سلام سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنا سر سجدے میں رکھ کر رب العزت سے اپنے لیے یہ دعا مانگے "**یا رحیم فلاں بن فلاں مہربان ما**" اس عمل کے متعلق صرف اتنا ہی کہنا کافی ہے کہ جنہوں نے اس عمل کو اپنی مکمل شرائط کے ساتھ ادا کیا وہ آج بھی اس کے گن گاتے ہیں اور اپنے اپنے معشوقوں کے ساتھ پر مسرت زندگی گزار رہے ہیں۔

دیگر عمل محبت

یہ عمل بھی اکثر بزرگان سے مجھے پہنچا ہے' آپ بھی کریں اور دعائیں دیں' یہ دل کے نگینے ہیں جو کتاب کی انگوٹھی میں جڑے مفت مل رہے ہیں تو ناقدری نہ کیجئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یحبونھم کحب اللہ والذین امنو فلاں بن فلاں عاشق زار

و بیقرار کرد اشد حباللہ اس آیت کو طالب اور مطلوب معہ والدہ کے نام کے ہمراہ اعداد کے ساتھ پڑھیں' انشاءاللہ ۲۱ دن میں مراد پوری ہو جائے گی۔ اس آیت کو پڑھنے کے بعد کسی بھی کھانے کی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں' عمل شروع کرنے سے قبل اس عمل کی لوح در چاندی ضرور بنوائیں۔

تسخیر کا ایک بے مثل نقش

یہ نقش عدد ذی قعد کے مہینے کے شروع چاند میں پہلے اتوار کو بوقت طلوع آفتاب لکھے جائیں اور ایک عدد نقش لوح چاندی پر کندہ کرایا جائے اور ہر روز ایک نقش روئی پر لپیٹ کر کورے چراغ میں تل اور چنبیلی کے تیل سے جلائیں۔ چراغ کا رخ مطلوب کے گھر کی طرف رکھیں انشاءاللہ تعالیٰ ۷ یوم میں مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔ لوح چاندی کا نقش ایسی جگہ رکھیں' جہاں اس کو ہلکی ہلکی حرارت ملتی رہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲ الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں	۷ بن فلاں بحق یا بدوح	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱	۵	۴	۱۵

فلاں بن فلاں کی جگہ نام مطلوب اور طالب معہ والدہ لکھا جائے۔

تسخیر محبوب کا ایک مجرب عمل

نام طالب و مطلوب اور مادر کے اعداد کے مطابق اس عمل کو عروج ماہ میں بروز جمعہ شروع کرے اور مطلوب کا تصور کامل رکھے، انشاء اللہ کامیابی نصیب ہوگی، دوران عمل چڑیوں کو پابندی سے دانہ ڈالیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا عطوف ذو القوۃ المتین اعطف علی صلب فلاں بنت فلاں برحمتک یا ارحم الرحمن

